© rasailojaraid.com

کہ اس قسم کی بحثوں کو اٹھا کر اب تلخیاں نہ پیدا کی جائیں۔

**عائلی کمیشن کی رپورٹ پر تبصرہ** از مولانا امین احسن اصلاحی صاحب۔ شائع کردہ: ملک برادرز تاجرانِ کتب، کارخانہ بازار، لائل پور۔ قیمت قسم اول۔ تین روپے۔ قسم دوم دو روپے ۲۵ نئے پیسے۔ صفحات ۱۶۸۔

زیر تبصرہ کتاب میں اس عائلی کمیشن کی رپورٹ پر مفصل تبصرہ کیا گیا ہے جو پاکستان کی مرکزی حکومت نے ۱۹۵۵ء میں مسلمانوں کے عائلی مسائل و قوانین کا جائزہ لینے اور ان کے بارے میں تجاویز و سفارشات پیش کرنے کے لیے قائم کیا تھا۔ اس فاضلانہ تصنیف کے مطالعہ کے بعد یہ محسوس ہوتا ہے کہ یہ صرف ایک رپورٹ پر تبصرہ ہی نہیں بلکہ اسلام کے ازدواجی و عائلی مسائل پر ایک سیر حاصل بحث ہے۔ جس میں ان مسائل سے متعلق تمام نئے شبہات کا ازالہ کر دیا گیا ہے اور تمام پرانی بے اعتدالیوں کی بھی اصلاح کر دی گئی ہے۔ مولانا امین احسن اصلاحی کا یہ تبصرہ بڑا جاندار اور فکر انگیز ہے۔ ہم اس کے مطالعہ کی پُر زور سفارش کرتے ہیں۔

**ماہنامہ "افکارِ نو" لاہور** مدیر: پروفیسر محمد ارشد نعمان بھٹی۔ مقام اشاعت: ۲ بیگم روڈ لاہور۔ سالانہ چندہ چھ روپے فی پرچہ ۵۰ نئے پیسے۔

اخلاقی اور دینی انحطاط کے اس دور میں تعمیری اور اصلاحی ادب کا کوئی رسالہ نکالنا اور اسے جاری رکھنا بڑی جان جوکھوں کا کام ہے۔ ماہنامہ "افکارِ نو" کے اربابِ بست و کشاد مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ان حوصلہ شکن حالات میں یہ جرأت کی ہے۔ فاضل مدیر نے علمی مقالات، معلوماتی مضامین، نظموں اور غزلوں کو اس طرح ترتیب دیا ہے کہ یہ صحتمند اور تعمیری ادب کا ایک حسین گلدستہ بن گیا ہے۔ آخر میں بچوں کی دلچسپی کے لیے ایک بزم اطفال بھی سجائی گئی ہے۔ اس قسم کے اصلاحی پرچوں کی سرپرستی کرنا ہم سب کا فرض ہے۔

---

© rasailojaraid.com